OPI GAS (PVT) LTD.

۲۴ مئی ۲۰۲۴ء

انتباہ

معزز خاص گیس ڈسٹری بیوٹرز،

او پی آئی گیس پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کا رجسٹرڈ برانڈ "خاص گیس" (Khaas Gas) ایل پی جی کی مارکیٹ میں ایک مشہور اور قابل اعتماد نام ہے۔ کمپنی ہذا کے سلنڈرز کا اعلی معیار صارفین کی جان و مال کی حفاظت کو مقدم رکھتے ہوئے اپنایا جاتا ہے جو کہ اوگرا (OGRA) اور حکومت پاکستان کے مقرر کردہ حفاظتی معیار کے عین مطابق ہے۔

اس ضمن میں باخبر ذرائع سے کمپنی ہذا کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ چند شر پسند اور مفاد پرست عناصر ہمارے برانڈ یعنی خاص گیس (Khaas Gas) کے نام سے جعلی، غیر معیاری اور غیر قانونی سلنڈرز اور سیلیں تیار کروا کر فروخت کر رہے ہیں جن میں تمام تر حفاظتی اقدامات کو نظر انداز کیا جاتا ہے جو کسی بھی صورت میں LPG کے استعمال کیلئے محفوظ نہیں ہیں اور کسی بھی وقت بڑے حادثے کا باعث بن سکتے ہیں جس سے قیمتی جانوں اور املاک کے نقصان کا اندیشہ ہے۔

لہذا لوگوں کی جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر آپ کو مطلع کیا جاتا ہے آپ خاص گیس (Khaas Gas) برانڈ کے تمام سیل شدہ سلنڈرز کمپنی کے پلانٹس سے ہی حاصل کریں اور کسی غیر مصدقہ کمپنی سے خاص گیس سلنڈرز کی خرید و فروخت سے مکمل اجتناب کریں۔ اس کے علاوہ ایسی مارکیٹ جہاں جعلی، غیر معیاری اور غیر قانونی سلنڈرز کی خرید و فروخت کی جاتی ہو اس کی اطلاع کمپنی ہذا اور متعلقہ ڈیپارٹمنٹ (OGRA, Police, AC, DC) کو آگاہ کریں۔ اگر غیر معیاری شدہ سلنڈرز آپ کے احاطہ میں پائے گئے یا آپ کی طرف سے لوگوں کو دیے گئے تو کمپنی آپ کو واضح طور پر آگاہ کرنا چاہتی ہے آپ کی ڈسٹری بیوشن کو فوراً ختم کر دیا جائے گا اور قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور کسی بھی جانی اور مالی نقصان کی مکمل ذمہ داری آپ پر ہوگی اور کمپنی اس سے بری الذمہ ہوگی۔

وائس پریزیڈنٹ: ____

او۔پی۔آئی گیس پرائیویٹ لمیٹڈ

اسلام آباد۔

Plot # 18-A & 19-A, PTET House, 3rd Road, Mauve Area, G-10/4, Islamabad. Tel: 051-2351091-95, Fax: 051-2351097-8